PR NO 28

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، علاقائی دفتر، بہاولپور

Press Release

وفاقی محتسب کا دورہ بہاولپور

وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کم سے کم وقت میں یقینی بنائیں۔ اعجاز احمد قریشی

بہاولپور(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی ہے کہ فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں، فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات گزشتہ روز علاقائی دفتر بہاولپور کے افسران اور وفاقی اداروں کے سربراہان سے ایک اجلاس کی صدارت کے دوران دیں۔ انہوں نے کہا کہ 76 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد ہوا ہے لیکن بہتری کی گنجائش ہے۔ انہوں نے آئی آر ڈی پروگرام کے تحت بہاولپور کے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقائی دفتر بہاولپور میں ثالثی اور مصالحتی طریق کار کے تحت شکایات نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام Informal Resolution of Disputes(IRD) کے تحت جولائی 2023ء کے دوران 130 کیس رجسٹر ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنے افسران کو ہدایت کی کہ آئی آر ڈی کیسز کا بھی ساٹھ دن کے اندر فیصلہ ہو جانا چاہیئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ IRD پروگرام کے تحت اب تک 2275 کیس حل کئے جا چکے ہیں جب کہ 127 کیسوں پر کارروائی جاری ہے۔ قبل ازیں بہاولپور علاقائی دفتر کے نئے سربراہ اعجاز احمد لون نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو ایک بریفنگ کے دوران بتایا کہ بہاولپور میں شکایات میں 20.26 فیصد اور فیصلوں میں 24.68 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقہ کے غریب عوام کے مسائل کے حل کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

23 اگست 2023ء